کا احاطہ کرتی ہیں۔ افادۂ عام کے لیے ان قراردادوں اور سفارشات کا دنیا کی مختلف زبانوں: فارسی، ترکی، انگریزی اور فرانسیسی میں ترجمہ شائع کیا گیا ہے۔

بین الاقوامی اسلامی فقہ اکیڈمی جدہ عالم اسلام کے موقر اداروں میں سے ایک ہے۔ اس کے قیام کا مقصد یہ ہے کہ عصر حاضر کی پیش آمدہ مشکلات و مسائل کا گہرائی سے جائزہ لیا جائے اور اجتماعی اجتہاد کے ذریعے شریعت اسلامی کے مصادر کی روشنی میں ان کا حل پیش کیا جائے۔

تیسری اسلامی چوٹی کانفرنس نے اپنے اجلاس منعقدہ مکہ مکرمہ بتاریخ ۱۹-۲۲/ربیع الاول ۱۴۰۱ھ مطابق ۲۵-۲۸/ جنوری ۱۹۸۱ء میں اس کی تاسیس کے لیے قرارداد منظور کی۔ تنظیم اسلامی کانفرنس نے اس کی تشکیل اور انتظامی ڈھانچہ کی تعیین کے لیے تمام عملی کارروائیاں انجام دیں۔ مورخہ ۲۶-۲۸/شعبان ۱۴۰۳ھ مطابق ۷-۹/ جون ۱۹۸۳ء اکیڈمی کی تاسیسی کانفرنس منعقد ہوئی۔ پھر پہلا اجلاس ۲۶-۲۹/محرم الحرام ۱۴۰۵ھ مطابق ۱۹-۲۲/ نومبر ۱۹۸۴ء مکہ مکرمہ میں منعقد ہوا، جس میں اکیڈمی کے نظم ونسق پر غور وخوض ہوا، اس کے منصوبوں کے نفاذ کے عملی خطوط طے کیے گئے، اس کی کونسل کی تشکیل کی گئی اور اس کے تحت تین شعبے: شعبۂ منصوبہ سازی، شعبۂ بحث وتحقیق اور شعبۂ فتویٰ قائم کیے گئے۔

اکیڈمی نے اپنی تاسیس کے بعد پابندی سے کچھ کچھ وقفوں سے اجلاس منعقد کئے ہیں۔ ہر اجلاس میں چند عصری مسائل اور موضوعات پر غور وخوض ہوتا ہے۔ اکیڈمی کی کونسل اسلامی علوم کے ماہرین، فقہاء، علماء اور دانش وروں پر مشتمل ہے۔ تنظیم اسلامی کانفرنس میں شامل ہر ملک اپنا ایک نمائندہ مقرر کرتا ہے جو اکیڈمی کی کونسل کا رکن ہوتا ہے۔ اکیڈمی نے ترجیحی طور پر طے کردہ مسائل و موضوعات پر تحقیق اور غور وخوض کے لیے یہ طریقۂ کار مقرر کیا کہ جس اجلاس کے لیے جو موضوعات طے کیے جاتے ہیں ان پر پہلے سے چند علماء سے مقالات لکھوا لیے جاتے ہیں۔ ان مقالات میں متعلقہ موضوعات کے تمام فقہی پہلوؤں کا احاطہ کیا جاتا ہے۔ اجلاس میں تمام مقالات کا خلاصہ اکیڈمی کی کونسل کے ارکان اور متعلقہ موضوعات کے ماہرین اور متخصصین کے سامنے پیش کیا جاتا ہے، پھر اس پر تفصیل سے بحث ومباحثہ ہوتا ہے اور آخر میں اتفاق رائے سے قراردادیں اور سفارشات منظور کی جاتی ہیں۔ اگر بعض مسائل میں کونسل کے ارکان

اور ماہرین کے درمیان اتفاق نہیں ہو پاتا، یا بعض پہلوؤں پر مزید مطالعہ وتحقیق یا بحث ومباحثہ کی ضرورت محسوس ہوتی ہے تو ان پر قرارداد کی منظوری آئندہ اجلاس تک ملتوی کر دی جاتی ہے۔

یہ اکیڈمی ہر اجلاس کے بعد اپنا موقر مجلہ شائع کرتی ہے جس میں اجلاس کے لیے لکھے جانے والے، کونسل کے ارکان اور ماہرین کے مقالات دوران اجلاس ان مقالات پر ہونے والے مباحثات ومناقشات اور کونسل کی منظور کردہ قراردادیں اور سفارشات شائع کی جاتی ہیں۔

اکیڈمی نے اپنے سالانہ اجلاس کے علاوہ دیگر علمی اداروں کے تعاون سے مخصوص موضوعات پر متعدد سمینار منعقد کیے ہیں۔ ان میں سے چند اہم سمیناروں کے موضوعات، ان کی تاریخیں اور مقام اور تعاون کرنے والے اداروں کے نام درج ذیل ہیں:

☆ قرض سرٹیفکٹ۔ ۲۲-۲۵/ ذی الحجہ ۱۴۰۷ھ مطابق ۱۶-۱۹/ اگست ۱۹۸۷ء، جدہ، بتعاون اسلامک ڈولپمنٹ بینک جدہ۔

☆ اعضاء کی پیوند کاری اور دیگر طبی موضوعات۔ ۲۷/ محرم الحرام۔ یکم ربیع الاول ۱۴۰۹ھ مطابق ۱۰-۱۳/ اکتوبر ۱۹۸۸ء، کویت، بتعاون اسلامی تنظیم برائے طبی علوم کویت۔

☆ مالیاتی منڈی۔ ۲۰-۲۵/ ربیع الثانی ۱۴۱۰ھ مطابق ۲۰-۲۵/ نومبر ۱۹۸۹ء رباط (مغرب) ۱۹-۲۱/ جمادی الاولی ۱۴۱۲ھ مطابق ۲۵-۲۷/ نومبر ۱۹۹۱ء منامہ (بحرین) بتعاون اسلامک ڈولپمنٹ بینک جدہ۔

☆ شرعی علوم کے لیے کمپیوٹر کا استعمال، ۲۴-۲۶/ ربیع الآخر ۱۴۱۰ھ مطابق ۱۱-۱۳/ نومبر ۱۹۹۰ء، جدہ، بتعاون اسلامک ڈولپمنٹ بینک جدہ۔

☆ کرنسی کے مسائل اور اسلامی بینکوں کی مشکلات، ۱۸-۲۲/ شوال مطابق ۱۰-۱۴/ اپریل ۱۹۹۳ء، بتعاون ادارۂ اسلامی برائے تحقیق وتربیت جدہ (ذیلی ادارہ اسلامی ڈولپمنٹ بینک جدہ)

☆ ایڈز کے مریض سے متعلق فقہی مسائل۔ ۲۳-۲۶/ جمادی الثانی ۱۴۱۴ھ مطابق ۶-۹/ دسمبر ۱۹۹۳ء، بتعاون اسلامی تنظیم برائے طبی علوم کویت۔

☆ اسلام میں بچوں کے حقوق، ۱۹-۲۱/ محرم ۱۴۱۵ھ مطابق ۲۸-۳۰/ جون ۱۹۹۴ء،

حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے کہ: امام مالک اور سفیان بن عیینہ نہ ہوتے تو حجاز سے علم رخصت ہو جاتا

جدہ، بتعاون جنرل سکریٹریٹ تنظیم اسلامی کانفرنس جدہ۔

☆ افراطِ زر کے مسائل، ۲۸-۲۹ر رجب ۱۴۱۶ھ مطابق ۲۰-۲۱ر دسمبر ۱۹۹۵ء، جدہ، ۲۰-۲۱ر محرم الحرام ۱۴۱۷ھ مطابق ۶-۷ر جولائی ۱۹۹۶ء، کوالالمپور (ملیشیا) ۱۲-۱۳ر جمادی الثانی ۱۴۲۰ھ مطابق ۲۲-۲۳ر ستمبر ۱۹۹۹ء، منامہ (بحرین) بتعاون اسلامک ڈویلپمنٹ بینک جدہ وفیصل اسلامک بینک بحرین۔

☆ حقوق انسانی، ۸-۱۰ر محرم ۱۴۱۷ھ مطابق ۲۵-۲۷ر مئی ۱۹۹۶ء جدہ۔

☆ صحت سے متعلق عصری مسائل (استحالہ، کلوننگ، روزہ توڑنے والی چیزیں) ۸-۱۱ر محرم الحرام ۱۴۱۸ھ مطابق ۱۴-۱۷ر جون ۱۹۹۷ء، الدار البیضاء (مراکش) بتعاون حسن ثانی انسٹی ٹیوٹ برائے علمی وطبی تحقیقات در بارہ رمضان مراکش، اسلامی تنظیم برائے طبی علوم کویت، عالمی تنظیم صحت جینوا، اسلامی تنظیم برائے تربیت وعلوم وثقافت (ایسیسکو) مراکش۔

☆ جینیٹک انجینیر نگ ۱۳-۱۵ر اکتوبر ۱۹۸۸ء کویت بتعاون اسلامی تنظیم برائے طبی علوم کویت۔

☆ بوڑھوں کے حقوق، ۸-۱۱ر رجب ۱۴۲۰ھ مطابق ۱۸-۲۱ر اکتوبر ۱۹۹۹ء، کویت، بتعاون اسلامی تنظیم برائے طبی علوم کویت۔

بین الاقوامی اسلامی فقہ اکیڈمی، کی کونسل کا گیارہواں اجلاس منامہ (بحرین) میں منعقد ہوا۔

اس اجلاس میں کونسل نے 'سیکولرزم' کے موضوع پر پیش کیے جانے والے مقالات سے آگاہی حاصل کی۔ اس پر ہونے والے مناقشات نے امتِ مسلمہ کے تعلق سے اس موضوع کی اہمیت کی طرف توجہ مبذول کرائی۔

اس کی روشنی میں کونسل نے درج ذیل قرارداد منظور کی:

الحمد لله رب العالمين، والصلاة والسلام على سيدنا محمد خاتم النبيين وعلى آله وصحبه:

فضل العالم على العابد كفضل القمر على سائر الكواكب (سنن ابوداود وترمذی)